ہندوستان اور فلسطین دفتر خارجہ کے مذاکرات کا پہلا دور

مئی 04/ 2015

نئی دہلی

آئی این ایس انڈیا

ہندوستان اور فلسطین کے درمیان دفتر خارجہ کے مذاکرات کے پہلے دور کا انعقاد فلسطین میں واقع رام اللہ مئی 4 2015 کو ہوا۔ فلسطینی وفد کی قیادت فلسطینی وزارات خارجہ میں ایشا، افریقہ اور آسٹریلیا کے وزیر کے اسسٹنٹ نے کی ۔ ہندوستانی وزارات خارجہ میں جوائنٹ سکریٹری (برائے مغربی ایشیا اور شمالی افریقہ) سندیپ کمار نے ہندوستانی وفد کی قیادت کی۔

دوطرفہ تعلقات کے پورے پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔چیلنجوں کی نشاندہی کی، اور میکانزم کو آگے بڑھانے کے لئے رشتہ کو مضبوط بنانے پر توجہ دی گئی۔ انہوں نے اہم ترین علاقائی اور کثیر جہتی موضوعات پر تبادلہ خیال کیا خاص طور سے اس بات کا کہ ہندوستان نے مسلسل فلسطین کی حمایت کیی ہے۔مشرق وسطی میں حالیہ امن وسلامتی کی پیش رفت۔ علاقائی ترقی۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اصلاحات جیسے مسائل میں۔

اس سلسلے میں فلسطینی وفد نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں مستقل رکنیت حاصل کرنے کے لئے ہندوستان کی کوششوں اور خواہشات کو اپنی حمایت دی دینے پر زور دیا۔

نئی دہلی